فوری ریلیز کے لیے: 6/1/2023 | گورنر *KATHY HOCHUL*

گورنر Hochul کی جانب سے Dr. Martin Luther King Jr. کی میراث کو ریاست نیو یارک کا 2023 کا خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اسے نیو یارک PBS سٹیشنز میں نشر کرنے کا اعلان

جمعہ، 13 جنوری کو، امپائر سٹیٹ پلازہ کنونشن سینٹر میں سکرین پر چلائے گئے اس مفت خصوصی پروگرام میں شرکت کے لیے لوگوں کو دعوت دی گئی ہے

پروگرام کی میزبانی کے فرائض البانی کے فرسٹ چرچ کی سینیئر وزیر محترمہ Dr. Mashona Walston انجام دے رہی ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ Dr. Martin Luther King Jr. کی حیات و میراث کی یاد منانے کے سلسلے میں ریاست نیو یارک کی سالانہ تقریب کو بطور ریاست گیر نشریاتی تقریب پیش کیا جائے گا، "ریاست نیو یارک Dr. Martin Luther King Jr. کی: تبدیلی کی روایات کے حوالے سے جشن منا رہی ہے" (New York State Celebrates Dr. Martin Luther King Jr.: Paths to Change)، جس کا نیو یارک بھر میں اتوار، 15 جنوری سے آغاز ہو رہا ہے اور اسے PBS سٹیشنز پر نشر کیا جائے گا۔ جمعہ، 13 جنوری کو البانی میں امپائر سٹیٹ پلازہ کنونشن سینٹر میں سکرین پر چلائے گئے اس مفت خصوصی خراج تحسین میں بھی عوام شرکت کر سکتے ہیں یا پیر، 16 جنوری کو صبح 10 بجے شروع ہونے والا پروگرام ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

"Dr. Martin Luther King Jr. جیسے چند افراد نے ہماری قوم اور تمام عالم، دونوں کے ضمیر کو، اپنے الفاظ اور کارناموں سے جھنجھوڑا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "رواں سال، نیو یارک ایک ریاست گیر نشریات پیش کر رہا ہے جس میں Dr. King کے ویژن اور عہد کی دیرپا میراث کو نمایاں کیا گیا ہے جسے انہوں نے ہم سب کے ذہنوں میں نقش کر دیا۔ میں نیو یارک کے ہر باشندے کو اس غیر معمولی شخصیت کے رِقت انگیز خراج تحسین کو دیکھنے کی دعوت دیتی ہوں۔"

"Dr. Martin Luther King Jr. نے ہمارے معاشرے کے ستون کے طور پر خدمات انجام دیں اور ان کی میراث کو ہماری قومی تاریخ میں پختہ کیا گیا ہے۔ ان کے عظیم الشان کارناموں اور بااثر پیغام نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا ہے اور آئندہ کئی نسلوں تک فیض یابی کا یہ عمل جاری رکھے گا، " **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "اس یادگار شخصیت، Dr. King کو خراج تحسین پیش کرنے کی خاطر نیو یارک کی ریاست گیر نشریات کے اعلان پر گورنر Hochul کے ساتھ اشتراک کرنے پر مجھے فخر ہے۔"

ریاستی دفتر برائے عمومی خدمات اور ریاست نیو یارک کی دیگر ایجنسیوں کے نمائندوں کی جانب سے سالانہ طور پر منظم کردہ، Dr. King کو پیش کیا جانے والا خراج تحسین تمام ریاست نیو یارک سے ان افراد اور تنظیموں کی خصوصیات کو پیش کرتا ہے جو سماجی انصاف، آزادی اور مساوات کے قیام کے حوالے سے امریکا کے ایک مقبول ترین رہنما کے اصولوں کی تجسیم ہیں۔ ایک گھنٹہ دورانیے کے اس تحسینی پروگرام کا ایئرٹائم علاقے کے لحاظ سے مختلف ہو گا؛ ناظرین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مزید تفصیلات کے لیے اپنی TV لسٹنگز یا مقامی PBS سٹیشن چیک کریں۔

دفتر برائے عمومی خدمات کی کمشنر **Jeanette Moy کا کہنا تھا کہ**، "چونکہ نیو یارک کے باشندگان Dr. Martin Luther King Jr. کی حیات و میراث کی یاد منانے کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں، لہٰذا ہم سب کو مزید متحد معاشرے کے ان کے عزم کے حوالے سے تجدیدِ عہد کرنا ہو گا۔ چونکہ نیو یارک، اور یہ قوم مساوات اور انصاف و راستی کی مسلسل کھوج میں رہتی ہے، لہٰذا ہمیں ان کی میراث سے سیکھنا چاہیئے۔ گورنر Hochul کے ساتھ میں بھی نیو یارک کے باشندوں کو یہ پروگرام دیکھنے اور Dr. King کے خواب کو زندہ رکھنے کے لیے خود کو دوبارہ وقف کرنے کی تاکید کروں گی۔"

WMHT CEO Robert Altman نے کہا، "ہم ریاست نیو یارک کی تمام تر کمیونٹیز کو ایک بار پھر متحد کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں کیونکہ ہم ہمہ گیر انصاف، حقوق اور آزادی کی خاطر Dr. Martin Luther King Jr. کے عزم کا جشن منا رہے ہیں۔ یہ کہانیاں اور آوازیں امریکا کے لیے Dr. King کے ویژن کے آج بھی زندہ و جاوید رہنے کی عکاس ہیں اور عوامی ٹیلی وژن کے ذریعے اس پیغام کے اشتراک پر ہمیں فخر حاصل ہے۔"

محترمہ Dr. Mashona Walston، جو کہ ایک مذہبی پیشوا، رہنما، مقررہ، سابقہ فوجیوں کی حامی اور ایک نیوروتھیولوجیئن ہیں، اور البانی میں فرسٹ چرچ میں سینیئر منسٹر ہیں، ان کی میزبانی میں رواں سال ہونے والا پروگرام ریاست نیو یارک کے ناظرین کو ایک ورچوئل دورہ کروائے گا۔

بفلو سے لے کر بروکلین تک، راچسٹر سے لے کر نیو پالٹز تک نیو یارک کے باشندگان کے بذریعۂ چشم، یہ پروگرام موسیقی، آرٹ، اور ایسی متاثرکُن کہانیوں کے ذریعے Dr. Martin Luther King Jr. کی زندگی اور ان کے خوابوں پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے، جو پوری ریاست نیو یارک کے اندر تبدیلی کی راہوں کی عکاس ہیں۔ شو کی چند جھلکیوں میں درج ذیل شامل ہیں:

- گورنر Hochul کی جانب سے Martin Luther King Jr. کے دن کا خصوصی پیغام
- روحانی رہنماؤں Mahatma Gandhi اور Malcolm X کی شخصیات کو نمایاں کرنے اور Dr. King کی شخصیت پر ان کے اثر کے حوالے سے "راہِ امن" نامی فیچر
- متاثرکُن اداکاریاں، جن میں نیو پالٹز گریجویٹ Lester Mayers کا تحریر کردہ ایک حقیقی پلے جس میں SUNY نیو پالٹز آرٹس پروگرام کے طلباء نے اداکاری کے جوہر دکھائے؛ 2023 Dr. Martin Luther King Jr. موسیقاروں کے گروہ کے نغمے؛ اور مقرر فنکار، Alonzo Verbal کی جاندار پریزینٹیشن شامل ہے
- اپولو تھیٹر کی پروفائل، جسے "امریکی ثقافت کی روح" بھی کہا جاتا ہے۔
- SHRED کی ایک جھلک، جو کہ ایک ایسی سنوبورڈنگ فاؤنڈیشن ہے، جو پہاڑی علاقوں اور ان سے باہر کے علاقوں کی کمیونٹی کے نوجوان افراد کی زندگیوں کو بہتر بنا رہی ہے

ہر ایک کو نیو یارک کے ان باشندوں سے متعلق مزید جاننے کے لیے اسے دیکھنے کی دعوت دی گئی ہے جو اپنی زندگیاں Dr. King کے تصور کے مطابق جی رہے ہیں۔ جمعہ، 13 جنوری کو امپائر سٹیٹ پلازہ کنونشن سینٹر میں، اسکرین پر چلائے گئے اس خصوصی خراج تحسین میں شرکت کی بھی لوگوں کو دعوت دی گئی ہے۔ تقریب میں شرکت مفت ہے اور شام 6 بجے ہلکی پھلکی ریفریشمنٹ سے اس کا آغاز ہو گا جبکہ پروگرام شام 7 بجے بلاتوقف پردۂ سکرین پر دکھایا جائے گا۔

خراج تحسین میں شرکت کرنے یا اسے دیکھنے کے علاوہ، نیو یارک کے باشندگان کو ریاست نیو یارک کی Dr. Martin Luther King, Jr. سٹوڈنٹ آرٹ اینڈ ایسے ورچوئل گیلری دیکھنے کی بھی دعوت دی گئی ہے، جو کہ بدھ، 11 جنوری تا منگل 28 فروری تک empirestateplaza.ny.gov/nyking پر دیکھنے لیے دستیاب رہے گی۔ اس نمائش میں کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 کے طلباء کی جانب سے جمع کروائے گئے شاہکار پیش کیے گئے ہیں جن میں Dr. King کے عدم تشدد کے چھ اصولوں سے تاثر لیا گیا ہے۔

گزشتہ سالوں کی طرح، ریاست نیو یارک Dr. King کے کمیونٹی کے ویژن کی تکمیل کی خاطر سروس سے متعلق متعدد پروگراموں کی میزبانی کر رہا ہے، جس میں Dr. Martin Luther King Jr. کی ریاست گیر غذائی مہم شامل ہے، جو کہ جمعہ، 10 فروری کو مکمل ہو گی، نیز Dr. Martin Luther King Jr. کی ریاست گیر کتابی مہم بھی اس کے اندر شامل ہے جس کا آغاز پیر، 20 فروری سے ہو گا جبکہ جمعہ 21 اپریل کو یہ اختتام پذیر ہو گی۔ براہِ کرم empirestateplaza.ny.gov/nyking ملاحظہ کریں، اور BPS ممبر سٹیشن پروگرام کی اپ ڈیٹس اور نیو یارک کی جانب سے Dr. King کی حیات اور میراث منانے کے حوالے سے متعلق اضافی معلومات کے لیے Facebook اور Twitter پر NYSMLK@ فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں